سوال

(756)جو لوگ بھی اللہ کا ذکر کرنے بیٹھتے ہیں تو فرشتے انہیں گھیر لیتے ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لوگ بھی اللہ کا ذکر کرنے بیٹھتے ہیں تو فرشتے انہیں گھیر لیتے ہیں اور رحمت ان پرچھا جاتی ہے اور سکینت ان پر نازل ہوتی ہے اور اللہ ان کا ذکر ان میں فرماتا ہے جو اس کے پاس ہوتے ہیں۔ 3اس حدیث میں سکینت سے کیا مراد ہے؟ (سہیل سلیم، یونان)

3 صحیح مسلم/کتاب الذکر والدعائ/باب فضل الاجتماع علی تلاوۃ القرآن وعلی الذکر ح: ۲۷۰۰

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سکینت سے مراد اللہ کی خاص مدد اور ایسی چیز ہے جس سے انسان کو اطمینان و سکون حاصل ہو۔

۲۴/۶/۱۴۲۲ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص747

محدث فتویٰ